
# پی آئی اے کے شیئرز کی فروخت – عوامی حمایت

پی آئی اے کی نجکاری کے حوالےسے آگاہی رکھنے والے پاکستانیوں کی رائے تقسیم شدہ: **45%** پاکستانی حکومت کے اس فیصلے کے حمایت کرتے ہیں جبکہ **45%** اس کی مخالف کرتے ہیں؛ اس حکومتی فیصلے کی حمایت مردحضرات میں زیادہ **51%** پائی گئی، جبکہ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد اس کی زیادہ مخالفت کرتے نظر آئے **47%** ۔

برائے مہربانی بتائیں کہ آپ پی آئی اے کی نجکاری کے حکومتی فیصلے کی حمایت کرتے ہیں یا مخالفت؟




حمایت: 45%
مخالفت: 45%
معلوم نہیں: 9%
جواب نہیں دیا: 1%

*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

عوام کی رائے

معیشت اور حکمرانی

## پی آئی اے کے شیئرز کی فروخت — عوامی حمایت

**پی آئی اے کی نجکاری کے حوالے سے آگاہی رکھنے والے پاکستانیوں کی رائے تقسیم شدہ: 45% پاکستانی حکومت کے اس فیصلے کے حمایت کرتے ہیں جبکہ 45% اس کی مخالفت کرتے ہیں؛ اس حکومتی فیصلے کی حمایت مرد حضرات میں زیادہ (51%) پائی گئی، جبکہ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ افراد اس کی زیادہ مخالفت کرتے نظر آئے (47%)۔**

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)


(اسلام آباد)، 1 جون 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کی نجکاری کے حکومتی فیصلے سے آگاہ پاکستانیوں میں، اس حوالے سے عوامی رائے یکساں طور پر تقسیم شدہ رہی۔ 45% افراد حکومت کے اس فیصلے کی حمایت، جبکہ 45% ہی شرح اس کی مخالفت کرتی نظر آئی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات جو پی آئی اے کی نجکاری کے حوالے سے آگاہی رکھتے تھے سے مزید یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ پی آئی اے کی نجکاری کے حکومتی فیصلے کی حمایت کرتے ہیں یا مخالفت؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 45% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس فیصلے کی ''حمایت'' کرتے ہیں، جبکہ 45% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس فیصلے کی ''مخالفت'' کرتے ہیں۔ مزید 9% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے ''معلوم نہیں''، جبکہ 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

یہ نتائج اس بات کی نشاندہی کرتے ہیں کہ اس پیش رفت سے آگاہ افراد کے درمیان بھی اس معاملے پر کوئی واضح اتفاقِ رائے موجود نہیں، اور عوامی رائے اس مسئلے پر نمایاں طور پر تقسیم شدہ نظر آتی ہے۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ پی آئی اے کی نجکاری کے حکومتی فیصلے کی حمایت کرتے ہیں یا مخالفت؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 780 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3-2±% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔


**جنس کے اعتبار سے نتائج:** جنس کے اعتبار سے نتائج اس حوالے سے رائے میں واضح فرق کو ظاہر کرتے ہیں۔ 51% مرد حضرات حکومت کے اس فیصلے کی حمایت کرتے ہیں، جبکہ 45% اس کی مخالفت کرتے ہیں۔ دوسری جانب، مرد حضرات کے مقابلے خواتین میں اس حوالے سے حمایت نسبتاً کم (36%)، جبکہ مخالفت تقریباً برابر (45%) پائی گئی۔ تاہم خواتین میں لاعلمی کا اظہار کرنے والوں کی شرح نمایاں طور پر زیادہ (16%) رہی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(*www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*)

**تعلیم کے اعتبار سے نتائج:** تعلیم کے اعتبار سے نتائج اس حوالے سے مختلف نقطۂ نظر کو ظاہر کرتے ہیں۔ ایف اے یا اس سے زیادہ تعلیم یافتہ 47% افراد پی آئی اے کی نجکاری کے فیصلے کی مخالفت کرتے ہیں، جبکہ 36% اس کی حمایت کرتے ہیں۔ اس کے برعکس، ایف اے سے کم تعلیم یافتہ افراد میں حمایت کی شرح تھوڑی زیادہ 48% پائی گئی، جبکہ مخالف کی شرح 36% رہی۔

یہ رجحان ظاہر کرتا ہے کہ زیادہ تعلیم یافتہ افراد نجکاری کی اس پالیسی کے بارے میں نسبتاً زیادہ تنقیدی یا محتاط رویہ رکھتے ہیں، جبکہ کم تعلیم یافتہ افراد میں اس فیصلے کی قبولیت نسبتاً زیادہ پائی جاتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
(*www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*)

مجموعی طور پر نتائج سے پتا چلتا ہے کہ جن لوگوں کو پی آئی اے کی نجکاری کے فیصلے کا علم ہے، ان کی رائے تقریباً برابر تقسیم ہے، یعنی کسی ایک نقطۂ نظر کی واضح اکثریت سامنے نہیں آئی۔ تعلیم اور جنس (مرد و خواتین) کے لحاظ سے فرق یہ ظاہر کرتا ہے کہ نجکاری کے بارے میں لوگوں کی سوچ ان کی معلومات، سمجھ بوجھ، اور معاشی اصلاحات پر اعتماد کی سطح کے مطابق مختلف ہوتی ہے۔

**Opinion Poll from Gallup Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 01 June 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as **Gallup Pakistan** (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by **Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating
46
years
of Gallup Pakistan
(1980-2026)